بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اللہ نزل احسن الحدیث
بیاد
حضرت مولانا سید محمد داؤد غزنوی رحمہ اللہ
حضرت مولانا محمد اسماعیل سلفی رحمہ اللہ

ہفت روزہ
اہلِ حدیث لاہور
مرکزی جمعیۃ اہلِ حدیث پاکستان کا ترجمان
مسلکِ اہلِ حدیث کا داعی

جلد: 47 | ۲۲ تا ۲۸ جمادی الثانی ۱۴۳۷ھ یکم تا 7 اپریل 2016ء | شمارہ: 14

حقوقِ نسواں بل واپس لے کر دینی اَقدار کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔
امیر محترم پروفیسر ساجد میر حفظہ اللہ

''رَعدُ الشمال''
فوجی مشقوں کی گھن گرج.....!

ردّ قادیانیت میں علمائے اہل حدیث کی خدمات.....!

شہیدِ ملّت کا سفرِ آخرت اور جنت البقیع میں تدفین.....!

- عہد نبوی ﷺ میں کتابتِ حدیث کا اہتمام.....!
- جب خلیفہ ہارون الرشید نے شاہِ روم کو خط لکھا
- ازدواجی زندگی کو کیسے خوشگوار بنائیں.....!
- تکبر اور سرکشی سے بچاؤ کیسے ممکن.....؟!

قرآن و حدیث کی روشنی میں

سفید بالوں کو رنگنا.....؟!

ایک روایت کی تحقیق.....؟!

رسول اللہ ﷺ کا دیدار.....؟!

درس قرآن

جناب پروفیسر احمد حماد حفظہ اللہ

غیبت سے بچیے!

ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴾(الحجرات)

''اور تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے، کیا تم میں سے کوئی بھی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرتا ہے؟ یقیناً تمہیں اس سے گھن آئے گی تو پھر اللہ سے ڈرتے رہو کیونکہ وہی توبہ قبول فرمانے والا مہربان ہے۔''

قرآن کریم ایک ایسی کتاب ہے جس میں انسانی فطرت اور نفسیات کے مطابق ہدایات وتعلیمات ہیں، اور ہوں بھی کیوں نا! یہ اسی خالق کا کلام ہی تو ہے جس نے اس حضرت انسان کو پیدا فرمایا آپس میں دشمنی اور عداوت کی کیا وجوہات ہوسکتی ہیں؟ محبت، الفت اور اتحاد کے رشتوں کی بنیاد کون سے خصائل ہیں؟ کن کن صفات کا حامل ہوکر انسان ہر دلعزیز بن سکتا ہے؟ اور کون سی ایسی چیزیں ہیں جو معاشرتی بگاڑ اور اتحاد و اتفاق کے شیرازہ کو بکھیرنے کا باعث بنتی ہیں؟ آیت مذکورہ ایسے ہی سیاق وسباق میں ہے جس میں چند ایسی عادات قبیحہ کا بیان ہے جن سے بچنا ضروری ہے' انہی میں سے ایک غیبت ہے۔ غیبت کا لفظی مطلب پوشیدہ ہونا اور سامنے نہ ہونا ہے جبکہ شرعی اصطلاح میں کسی شخص کا اپنے مسلمان بھائی کی عدم موجودگی میں ایسی عادت بیان کرنا جو اسے ناگوار گزرے' اگرچہ وہ بات یا عادت واقعی اس میں موجود ہو۔ اس عادت بد کی سنگینی کا اندازہ اسی چیز سے ہی ہوجاتا ہے جو آیت مذکورہ میں بیان ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ اللہ کا فرمان ہے:

﴿وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ۝﴾(الھمزۃ)

''خرابی ہے ہر طعنہ دینے والے اور عیب چننے والے کے لیے۔''

یہ چیز انسان کے ذہن نشین رہنی چاہیے کہ اللہ کے دو فرشتے انسان کے ایک ایک بول کو اپنی کتاب میں محفوظ کر رہے ہیں، فرمایا:

﴿اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ۝ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ۝﴾(ق)

''دو کاتب اس کے دائیں اور بائیں بیٹھے ہر چیز ثبت کر رہے ہیں، جب بھی کوئی لفظ اس کے منہ سے نکلتا ہے تو ایک محفوظ (ریکارڈ) کرنے والا موجود ہے۔''

کیا دو محافظوں کو موجودگی ہمیں متنبہ نہیں کرتی کہ ہم چغلی اور غیبت جیسے اعمال قبیحہ سے اپنے آپ کو محفوظ کریں؟ حضور ﷺ نے مسلمان کی عزت، جان اور مال کے احترام کو کعبہ مشرفہ اور حج کے مہینوں سے تشبیہ دے کر قابل احترام قرار دیا ہے تو پھر ایک مسلمان بھائی کیوں غیبت کے ذریعے اپنے بھائی کی عزت کی دھجیاں بکھیرنے کی کوشش کرتا ہے؟

درس حدیث

جناب پروفیسر عبدالرحمن لدھیانوی حفظہ اللہ

اچھے اور برے ساتھی کی مثال

[عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: "مَثَلُ الجَلِيسِ الصَّالِحِ وَالجَلِيسِ السُّوْءِ، كَمَثَلِ صَاحِبِ المِسْكِ وَكِيرِ الحَدَّادِ، لَا يَعْدَمُكَ مِنْ صَاحِبِ المِسْكِ إِمَّا تَشْتَرِيهِ، أَوْ تَجِدُ رِيحَهُ، وَكِيرُ الحَدَّادِ يُحْرِقُ بَدَنَكَ، أَوْ ثَوْبَكَ، أَوْ تَجِدُ مِنْهُ رِيحًا خَبِيثَةً.] (متفق عليه)

سیدنا ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''نیک اور برے ساتھی کی مثال خوشبو اُٹھانے والے اور بھٹی دھونکنے والے کی طرح ہے۔ خوشبو بیچنے والا ساتھی ممکن ہے وہ آپ کو کچھ تحفہ دے دے یا تو اس سے خوشبو خرید لے یا تجھے اس کی عمدہ خوشبو آتی رہے اور بھٹی دھونکنے والا یا تو تمہارے کپڑے جلا دے گا یا تو اس سے بدبو محسوس کرے گا۔'' (بخاری ومسلم)

مذکورہ بالا حدیث کا مفہوم واضح ہے کہ اچھے ساتھی کے ساتھ انسان اچھا بن جاتا ہے۔ لوگ اس سے محبت کرتے ہیں اور برے ساتھی سے ہر کوئی دور ہوجاتا ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے اچھے ساتھی کے متعلق بیان فرماتے ہوئے خوشبو بیچنے والے کی مثال بیان فرمائی کہ وہ فائدہ مند ہے۔ خوشبو از خود مہکتی ہے۔

خوشبو والے کے پاس بیٹھنے والا راحت محسوس کرتا ہے وہ اسے خوشبو کا قطرہ دے دے گا یا آپ اس سے خوشبو خرید لیں گے یا ویسے ہی مہک پھوٹتی رہے گی یعنی ہر حال میں فائدہ ہے۔ جبکہ بھٹی دھونکنے والے کے پاس بیٹھنے سے لوہے اور لکڑی کے جلنے کی بو آئے گی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کوئی چنگاری اڑ کر آپ کے کپڑوں پر گر جائے اور کپڑے کو جلا دے۔ اگر کپڑے جلنے کی نوبت نہیں آتی تو بُو ضرور محسوس ہوتی ہے۔

یہی مثال اچھے اور برے ساتھی کی ہے۔ اچھا ساتھی ہمیشہ اچھی بات کرے گا' بھلائی کی تعلیم دے گا اور خیر خواہی کرے گا جبکہ برا ساتھی برائی کی طرف راغب کرے گا۔ بھلائی سے دور لے جائے گا جس کے نتیجے میں انسان اللہ کی رحمت سے دور ہوجاتا ہے۔ ہمیشہ اچھی صحبت اختیار کرنی چاہیے اور بری صحبت سے بچنا چاہیے جیسے کہ فارسی زبان کے ایک شاعر نے کہا ہے:

صحبت صالح ترا صالح کند
صحبت طالع ترا طالع کند

حقوقِ خواتین بل مسترد!

آج عورت کو جو حالات ومواقع میسر ہیں وہ آج سے سینکڑوں برس پہلے نہ تھے۔ زمانہ قدیم میں عرب میں عورت نحوست کی علامت سمجھی جاتی تھی۔ لڑکی کی پیدائش قبیلے میں باپ کا سر نیچا کر دیتی اور وہ قبیلے سے مارے ندامت کے منہ چھپائے پھرتا۔ بعض عرب قبائل تو لڑکیوں کو زندہ درگور کر دیا کرتے تھے۔ خاوند کے مر جانے پر بیویاں وراثت میں تقسیم کر دی جاتیں۔ نہ شادی کا کوئی دستور تھا نہ طلاق کا کوئی قاعدہ۔ بس جب چاہا پاس رکھا اور جب چاہا چھوڑ دیا۔ عرب معاشرے میں عورت کا وراثت میں کوئی حصہ نہ تھا۔ دوسرے خطوں میں بھی عورت ایسے ہی حالات سے دو چار تھی۔ مصر میں جب دریائے نیل کا بہاؤ رک جاتا تو وہاں کے باشندے ہر سال کسی حسین ترین دوشیزہ کو دریا کی بھینٹ چڑھاتے تا کہ دریا معمول پر آجائے۔ ہندوستان کے ہندو عورت کے مستقل وجود کے قائل نہ تھے۔ عورت کی پہچان صرف اور صرف مرد تھا۔ اگر کوئی ہندو خاوند مر جاتا تو عورت کو بھی اس کے ساتھ زندہ جلا دیا جاتا۔ عیسائی بھی ہندوؤں کی طرح عورت کے مستقل وجود کے قائل نہ تھے۔

عورت کی یہ حالت صدیوں تک قائم رہی۔ اسلام کی آمد پر ظلمت کی گھٹائیں چھٹ گئیں اور رحمت کی برکھا شروع ہوگئی۔ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو رحمۃ للعالمین بنا کر مبعوث فرمایا اور لوگوں کو بتایا کہ عورت اتنی ہی قابل عزت ومحترم ہے جتنا کہ مرد۔ تم سب ایک ہی نفس سے بنائے گئے ہو۔ اسی سے تمہاری نسل آگے بڑھائی گئی ہے۔ نظام عالم کی بقاء بنی نوع انسان کی بقا سے وابستہ ہے اور بنی نوع انسان کی بقاء زن ومرد کے باہمی تعاون واشتراک پر منحصر ہے۔ اس لیے فاطر کائنات نے ان کے اعضاء قویٰ کو مختلف شکل وصورت میں ڈھالنے کے باوجود ان میں جذب وانجذاب کا مادہ اور صنفی کشش پیدا کر کے ایک دوسرے کے لیے لازم وملزوم بنا دیا۔ اسلام نے شادی کا مقدس رشتہ قائم کیا اور اسے ایک مرد وعورت کے درمیان معاہدہ قرار دیا۔ مرد اور عورت کو ایک دوسرے کا لباس کہا۔ ﴿هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ.....﴾ (النسآء: ۳۴) مردوں کو عورتوں سے حسن سلوک کی تاکید کی اور انہیں مارنے سے روکا۔ گھریلو ذمہ داریاں عورت کے سپرد کیں یعنی عورت کا دائرہ کار سیاست وریاست نہیں اور نہ کاروبار کی مشقتیں ہیں بلکہ گھر کے اندر امور خانہ داری اور بچوں کی نگہداشت اور تربیت ہے جبکہ مرد کے ذمہ جملہ بیرونی ذمہ داریاں لگا دیں۔ شوہر کو حسب حیثیت بیوی بچوں کا کفیل ٹھہرایا۔ مردوں کو اقتصاری ذمہ داری اور جسمانی وذہنی صلاحیتوں کی وجہ سے عورتوں پر حاکم وسربراہ کا درجہ دیا۔ ﴿الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ﴾ (النساء: ۳۴) مرد عورتوں کے قوام ہیں۔ یعنی ان کے محافظ، منتظم اور مدبر ہیں۔ ان کے بدلے عورتوں پر مردوں کی فرمانبرداری واطاعت گزاری لازم کی۔ مہر کی ادائیگی مرد پر فرض کی اور عورت کو وراثت میں حصہ دار بنایا۔ طلاق کی حدیں مقرر کیں۔ ایک سے زیادہ شادیاں کرنے کی صورت میں یکساں سلوک کی تلقین کی۔ نان ونفقہ ٹھیک نہ ملنے پر عورت کو خلع کا حق دیا۔ عورت پر نہ صرف تعلیم کے دروازے کھلے بلکہ حصول علم کو ضروری قرار دیا۔ الغرض اسلام نے عورت کو سب سے زیادہ حقوق دیئے ہیں۔ عورتوں کے لیے یہ حکم ہے ﴿وَقَرْنَ فِي بُيُوتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُولَىٰ﴾ (الاحزاب: ۳۳) یعنی ''تم اپنے گھروں میں ٹک کر رہو اور گذشتہ جاہلیت کی زیب وزینت کی نمائش نہ کرتی پھرو۔'' چنانچہ عفت وعصمت کی علمبردار مسلمان عورت نسل نو کے لیے اصلاح کا ذریعہ بنی رہی۔ پھر وقت آیا کہ مغرب میں آزادئ نسواں کی شیطانی صدائیں بلند ہونے لگیں۔ پہلے یہ فتنہ یورپ میں پھیلا اور پھر رفتہ رفتہ اس نے مشرق کا رخ اختیار کر لیا۔ شیطان صفت لوگوں نے حقوق نسواں کی آڑ لے کر مسلمان عورت کو گھر کی چار دیواری سے نکال کر چوراہوں کی زینت بنانا اور اسے سر بازار رسوا کرنا تھا۔ ان ہوس پرستوں کی ایک ہی آواز تھی ''پردہ ختم کرو'' عورت کو گھر کی چار دیواری سے نکال کر شمع محفل بنا دو۔ اب وطن عزیز میں مغرب زدہ این جی اوز چاہتی ہیں کہ پاکستانی عورت گھر سے باہر نکلے، برقعہ کو دور پھینکے، جم، بار اور کلب کی طرف رخ کرے۔ میوزک کنسرٹ میں حصہ لے اور پاکستانی معاشرے کو لبرل بنا دیا جائے۔ ہم پاکستانی معاشرے کو مغرب زہ نہیں بننے دیں گے۔ حال ہی میں حکومت نے تحفظ خواتین بل پاس کیا ہے اس پر امیر محترم سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے جامعہ سلفیہ کے فاضلین کے کنونشن میں اپنے خطاب میں کہا ہے کہ ''پاکستان اور اسلام لازم وملزوم

مدیر اعلیٰ
بشیر انصاری
ایم اے

مجلس ادارت
☆ رانا محمد شفیق خاں پسروری
☆ پروفیسر ڈاکٹر عبدالغفور راشد

اس شمارہ میں

درس قرآن وحدیث	1
اداریہ	2
احکام ومسائل	4
سرکشی اور تکبر سے بچاؤ .....(خطبہ حرم)	6
حفاظت حدیث کا اہتمام	9
سنہرے ایام کی ایک خوب صورت کہانی	10
رعد الشمال فوجی مشقیں	13
شہید ملت علامہ احسان الٰہی ظہیر شہیدؒ	14
ازدواجی زندگی کیسے خوشگوار بنائیں	17
رد قادیانیت .....علماء اہل حدیث کی خدمات	19
سلفی دعوت کے علمی اصول	20
بیداری ملت کانفرنس..تاندلیانوالہ اجلاس	21
اخبار الجماعۃ	22

ادارہ سے جملہ خط کتابت ایڈیٹر کے نام اور ترسیل زر منیجر کے نام کی جائے

پتہ
ہفت روزہ ''اہل حدیث''
چوک اہل حدیث (المعروف بتی چوک)
106، راوی روڈ لاہور۔ 54000
فون: 042-37720257 فیکس: 042-37725525
email:weeklyahlehadith@yahoo.com

بدل اشتراک
سالانہ	600/- روپے
ششماہی	350/- روپے
بذریعہ وی پی	650/- روپے
بیرونی ممالک سے	6000/- روپے
فی پرچہ	20/- روپے

سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے لئے ''لسٹر پرنٹ ان'' شاہ خالد ٹاؤن جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور سے چھپوا کر 106 راوی روڈ لاہور سے جاری کیا۔

ہیں' یہاں لبرل ازم کی کوئی گنجائش نہیں۔ مغرب سے زیادہ اسلام عورتوں کے حقوق کا محافظ ہے۔ حقوق نسواں بل نے اسلام کے عائلی نظام پر نقب لگائی ہے۔ اسے مسترد کرتے ہیں۔ ملک کو سیکولر نہیں بننے دیں گے۔ کسی ایک دینی جماعتی نے بھی نسواں بل کی حمایت نہیں کی۔ دین اور دینی اقدار کے تحفظ کے لیے ہر قسم کی قربانی دیں گے۔ یہ بل قرآن وسنت کے یکسر منافی ہے۔'' ..... انہوں نے خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے بھی اپنے بیان میں کہا کہ ''اسلام میں عورتوں کو وراثت سے محروم کرنا' عورت کو مارنا پیٹنا' عورت پر بے جا الزام لگانا' عورت کے مال پر قبضہ کرنا' عورت کو بے جا طلاق دینا' عورت کی جبری شادی کرنا' عورت کو ونی کی بھینٹ چڑھانا' کاری کرنا اور اس کی شادی قرآن سے کرنے کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں۔''

نسواں بل خواتین کے تحفظ کا بل نہیں بلکہ مغربی افکار وثقافت' عورت کو پردے سے باہر کرنے' بازار وکلب کی زینت بنانے اور بے مہار آزادی کا بل ہے۔ اس لیے اسے ملک کے تمام دینی حلقوں نے مسترد کر کے اس کی واپسی کا مطالبہ کیا ہے۔

تحفظ خواتین بل واپس لے کر مذہبی قوتوں کے گرم ہونے والے محاذ کو ٹھنڈا کیا جا سکتا ہے

حکومت سیاسی ومذہبی محاذ پر اپنے لیے مشکلات میں اضافہ نہ کرے۔ اقتصادی ترقی کے لیے سیاسی ومذہبی یکجہتی ناگزیر ہے۔ اجتماع جمعہ سے خطاب

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ ملک میں آئین وجمہوریت کی بالادستی کا خواب ابھی تک ادھورا ہے۔ آئین وجمہوریت کی بالادستی کے لیے ابھی بڑی قربانیوں کی ضرورت ہے۔ تحفظ خواتین بل واپس لے کر مذہبی قوتوں کے گرم ہونے والے محاذ کو ٹھنڈا کیا جا سکتا ہے۔ حکومت سیاسی ومذہبی محاذ پر اپنے لیے مشکلات میں اضافہ نہ کرے۔ اقتصادی ترقی کے لیے سیاسی ومذہبی یکجہتی ناگزیر ہے۔ اس امر کا اظہار انہوں نے جامعہ ابراہیمیہ میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب اور کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ ملک میں لبرل ازم کی کوئی گنجائش نہیں اور نہ ہی سیکولر قوتوں کا غلبہ برداشت کریں گے۔ منصورہ میں دینی جماعتوں کے اجتماع میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ دینی اقدار کے تحفظ کے لیے ایک بڑی تحریک بھی چلانا پڑی تو دریغ نہیں کیا جائے گا۔ اسکے علاوہ دینی قوتوں کے ایک مستقل فورم کی بھی ضرورت ہے جو ملک کو لبرل ازم کی طرف لے کر جانے والوں کے راستے کی دیوار بنے۔ ایم ایم اے نہیں تو کسی نئے نام کے ساتھ بھی اتحاد بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کی تجربہ گاہ بننا تھا یہاں لبرل ازم اور سیکولرازم کے تجربے کیے جا رہے ہیں۔ ہم نے بڑی مشکل سے دہشت گردی کے خلاف بند باندھا ہے اب کسی اور طرح کی دہشت گردی ہم برداشت نہیں کر سکتے۔ نہ ہی معاشرے کو مغربی اقدار کے سانچے میں ڈھالنے دیا جائے گا۔ یہ ملک اسلام کے لیے حاصل کیا تھا یہاں صرف محمد عربی ﷺ کا سکہ ہی چل سکتا ہے۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ اب تو تحفظ خواتین بل کیخلاف خواتین نے بھی مظاہرے شروع کر دیے ہیں، مردوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے خواتین کا باہر نکلنا حکومت کے لیے پیغام ہے کہ اسے خواتین نے بھی مسترد کر دیا ہے۔

پرویز مشرف کا باہر جانا جمہوریت کی شکست سمجھی جائے گی۔ پروفیسر ساجد میر

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ پرویز مشرف کی پشت پر اسٹیبلشمنٹ کھڑی ہے جسکے ساتھ ٹکراؤ حکومت برداشت نہیں کر سکتی۔ پرویز مشرف کے باہر جانے کا سیاسی نقصان حکومت کو پہنچے گا اور یہ جمہوریت کی شکست سمجھی جائے گی۔ اگر پرویز مشرف کا نام ای سی ایل سے نکالا جا سکتا ہے تو پھر کسی بھی بڑے سے بڑے مجرم کے نام کا ای سی ایل میں رکھنے کا جواز ختم ہو کر رہ جاتا ہے۔ آئین شکنی پرویز مشرف کا سب سے بڑا جرم ہے جسے قوم کبھی معاف نہیں کر سکتی۔ اپنے بیان میں ان کا کہنا تھا کہ ایک جمہوری دور میں حکومت محض اسٹیبلشمنٹ کے خوف سے فیصلے کرے گی تو جمہوریت کی گاڑی کبھی پٹری پر نہیں چڑھ سکے گی۔ پرویز مشرف کے معاملے میں آئین کی پاسداری کی جائے اور کسی قسم کا اندرونی و بیرونی دباؤ قبول نہ کیا جائے۔ اگر ایسا کیا گیا تو عوام یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گے کہ یہاں کمزور کے لیے ایک قانون اور طاقتور کے لیے دوسرا قانون ہے اور یہ صورتحال ملک وقوم دونوں کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔ جن معاشروں میں انصاف نہ ہو وہ قائم نہیں رہ سکتے۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ ملک میں امیر وغریب سب پر ایک ہی طرح کا قانون نافذ ہونا چاہیے، الگ الگ قانون سے عدلیہ پر عوام کا اعتماد مجروح ہو جائے گا۔

دینی اقدار کا تحفظ اوّلین ترجیح ہے' اتحادی ضرور ہیں' دین پر کبھی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ امیر محترم

امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ساجد میر نے کہا ہے کہ دینی اقدار کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ مسلم لیگ ن کے اتحادی ضرور ہیں مگر دین اور دینی نظریات پر کبھی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ تحفظ خواتین بل پر ہمارے ساتھ کوئی مشاورت نہیں کی گئی۔ مرکزی دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ہماری جماعت ایک عرصہ سے مسلم لیگ ن کی حلیف ہے مگر جب بھی کبھی دینی اور ملی اقدار کو پامال کرنے کی کوشش ہوئی ہم نے مزاحمت کی۔ اتحادی ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ ہم اپنے دین اور دینی اقدار کو بھول جائیں، ہماری اولین ترجیح دین اور دینی نظریات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر پنجاب حکومت نے تحفظ خواتین بل پر علماء سے مشاورت کا فیصلہ کیا ہے تو یہ خوش آئند بات ہے۔ مشاورت میں برکت ہے، ہمیں قانون سازی میں اپنے دین اور سماجی روایات کو کبھی نظرانداز نہیں کرنا چاہیے۔ پاکستان اسلامی ریاست ہے یہاں پر غیر اسلامی قانون سازی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ بل پر ہمارے تحفظات جائز ہیں اگر کوئی ہم سے مکالمہ کرنا چاہتا ہے تو ہم تیار ہیں یہ کہنا کہ علماء بے جا اعتراض کر رہے ہیں درست نہیں۔

احکام و مسائل

جناب مولانا حافظ ابو محمد عبدالستار الحماد حفظہ اللہ
مرکز الدراسات الاسلامیہ
سلطان کالونی میاں چنوں خانیوال پاکستان
فون: Mob.: 0300-4178626 - 065-2663317
ای میل: Email: hammad3316@yahoo.com

ایک روایت کی تحقیق

سوال خطباء حضرات رسول اللہ ﷺ کی جانشینی کے سلسلہ میں ایک روایت بیان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ میرے بعد آنے والے خلفاء پر رحم فرمائے جو میری احادیث کو بیان کرتے ہیں' اس روایت کی تحقیق مقصود ہے' وضاحت فرمادیں؟

جواب احادیث کو سننا' انہیں یاد کرنا' پھر انہیں آگے بیان کرنا اللہ تعالیٰ کی خاص عنایت ہے جو اپنے بندوں کو عطا کرتا ہے' بلاشبہ رسول اللہ ﷺ نے ایسے سعادت مند حضرات کے لیے خوش وخرم رہنے کی دعا فرمائی ہے۔ آپ ﷺ کا فرمان ہے: ''اللہ تعالیٰ اس شخص کو تر وتازہ اور شاداب رکھے جس نے ہم سے کوئی حدیث سنی پھر اسے یاد کیا حتی کہ اسے آگے بیان کردیا۔'' (ابوداود' العلم: ۳۶۶۰)

اس سلسلہ میں اور بھی بہت سی صحیح روایات کتب حدیث میں مروی ہیں' لیکن سوال میں ذکر کردہ حدیث۔ صحیح نہیں' کیونکہ وہ محدثین کے قائم کردہ صحت کے اصولوں پر پوری نہیں اترتی۔ مذکورہ روایت سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے اللہ! میرے بعد آنے والے میرے خلفاء (جانشینوں) پر رحم فرما جو میری سنت کو اور میری احادیث کو بیان کریں گے اور لوگوں کو ان کی تعلیم دیں گے۔'' (مجمع الزوائد: ج۱' ص ۱۲۶)

اس روایت کی سند میں احمد بن عیسیٰ نامی ایک راوی بے بنیاد احادیث بیان کرنے والا ہے۔ چنانچہ امام دارقطنیؒ نے اسے کذاب کہا ہے۔ (کتاب الضعفاء والمتروکین ص: ۵۳)

قاضی حسن بن عبدالرحمٰن رامہرمزی نے اپنی کتاب ''الہدی الفاصل'' کا آغاز ہی اس حدیث سے کیا ہے۔ اس کے الفاظ یہ ہیں: سیدنا علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا: ''اے اللہ! میرے خلفاء پر رحم فرما' ہم نے عرض کیا کہ آپ کے خلفاء کون ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''جو میری احادیث اور سنت کو بیان کریں گے اور لوگوں کو ان کی تعلیم دیں گے۔'' (المحدث الفاصل: ص ۱۶۳)

امام ذہبیؒ نے احمد بن عیسیٰ کے ترجمہ میں اس حدیث کو بیان کرنے کے بعد فرمایا ہے: ''یہ حدیث باطل ہے۔'' (میزان الاعتدال: ج۱' ص ۱۲۷)

حافظ ابن حجرؒ نے بھی امام ذہبیؒ کے اس تبصرہ کو برقرار رکھا ہے۔ (لسان المیزان: ج۱' ص ۲۴۱)

محدث العصر امام ناصر الدین البانیؒ نے بھی اس روایت کو باطل اور بے بنیاد قرار دیا ہے۔ (الاحادیث الضعیفہ: ج۲' ص ۲۴۷)

ہمارے خطباء حضرات کو چاہیے کہ احادیث بیان کرتے وقت ان کی صحت وضعف کو ضرور مدنظر رکھا کریں۔

رسول اللہ ﷺ کا دیدار

سوال ہمیں اپنے رسول اللہ ﷺ سے محبت ہے' کیا خواب میں ہمیں رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوسکتی ہے' یا قیامت کے دن ہم اپنے رسول ﷺ کو دیکھ سکیں گے؟ اس کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب حضرت محمد ﷺ کو ایسی عظمت عطا کی ہے کہ ہر انسان آپ کو دیکھنے کی طلب اور تڑپ رکھتا ہے' یہ بھی آپ سے محبت کی ایک علامت ہے۔ جن حضرات نے رسول اللہ ﷺ کو بحالت ایمان دیکھا اور اسی ایمان پر انہیں موت آئی وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہیں' جن کے متعلق رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے صحابہ' میری امت کی حفاظت کا ذریعہ ہیں' جب میرے صحابہ جاتے رہیں گے تو میری امت پر دو چیزیں (بدعات وآفات) آجائیں گی جن کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے۔'' (مسلم' فضائل الصحابہ: ۶۳۶۶)

ہمارے لیے اس دنیا میں اب رسول اللہ ﷺ کی زیارت ممکن نہیں' لیکن آپ کی زیارت کا شوق اور شدید حرص ہے' یہ بھی آپ سے محبت کی نشانی ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث میں ہے: ''میری امت میں سے مجھ سے بہت زیادہ محبت کرنے والے وہ لوگ ہوں گے جو میرے بعد آئیں گے' ان میں ہر کوئی یہ پسند کرے گا کہ وہ اپنے اہل ومال کو قربان کرکے مجھے دیکھ

لے۔'' (مسلم' الجنہ: ۷۱۴۵)

رسول اللہ ﷺ کا درج ذیل ارشاد گرامی ہمارے لیے مژدہ جان ہے: ''اس شخص کے لیے بشارت ہے جس نے بحالت ایمان مجھے دیکھا اور اس شخص کے لیے سات مرتبہ بشارت ہے جس نے مجھے نہیں دیکھا لیکن وہ مجھ پر ایمان لایا۔'' (مسند امام احمد: ج ۴' ص ۱۰۶)

رسول اللہ ﷺ کی زیارت عالم رنگ و بو میں بحالت بیداری ہمارے لیے ممکن نہیں البتہ خواب میں آپ کی زیارت ممکن ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے: ''شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا' اس لیے جو مجھے خواب میں دیکھتا ہے وہ حقیقت میں مجھ ہی کو دیکھتا ہے۔'' (مسند امام احمد: ج ۱' ص ۳۶۱)

اس حدیث کے پیش نظر رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھنا بہت بڑی سعادت ہے مگر اس کے لیے ضروری ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے محبت کرنے والے اور آپ کی زیارت کا شوق رکھنے والے کو آپ کے حلیہ مبارک کی معرفت حاصل ہو' اس بناء پر آپ کے حلیہ مبارک کے متعلق معلومات رکھنا صرف حسن عقیدت ہی نہیں بلکہ ایک شرعی تقاضا بھی ہے۔ اگر ہم نے نیک اعمال کیے اور رسول اللہ ﷺ پر درود و سلام پڑھنے میں بخل سے کام نہ لیا تو امید ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے حبیب ﷺ کی زیارت سے ضرور بہرہ ور فرمائے گا۔

سفید بالوں کو رنگنا

سوال کیا داڑھی یا سر کے سفید بالوں کو رنگنا ضروری ہے؟ کچھ لوگ سفید بالوں کو یونہی چھوڑ دینے کی بہت تردید کرتے ہیں اور انہیں یہود و نصاریٰ کی علامت قرار دیتے ہیں' قرآن و حدیث کی روشنی میں اس مسئلہ کی وضاحت کریں۔

جواب سفید بال' قابل تکریم ہیں' رسول اللہ ﷺ نے انہیں مسلمان کا نور قرار دیا ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے: ''رسول اللہ ﷺ نے بڑھاپے کے سفید بالوں کو اکھاڑنے سے منع فرمایا اور فرمایا کہ یہ مسلمان کا نور ہے۔'' (الترغیب' اللباس: ۶۰۹۲)

سیدنا انس رضی اللہ عنہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ آدمی اپنے سر اور داڑھی کے سفید بالوں کو اکھاڑے۔ (مسلم' الفضائل: ۲۳۴۱)

البتہ سفید بالوں کو رنگنا مستحب ہے جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے والد گرامی کو دیکھ کر فرمایا تھا: ''اس کے بالوں کی سفیدی کو کسی دوسرے رنگ میں تبدیل کرو لیکن سیاہ رنگ سے اجتناب کرو۔'' (مسلم' اللباس: ۵۵۰۹)..... نیز رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یہود و نصاریٰ خضاب نہیں لگاتے تم ان کی مخالفتیں کرو۔'' (بخاری' اللباس: ۵۸۹۹)

اگرچہ تاکید اسی بات کی ہے کہ داڑھی اور سر کے سفید بالوں کو سیاہی کے علاوہ کسی بھی دوسرے رنگ سے رنگا جائے لیکن انہیں سفید رکھنا بھی جائز ہے۔ جیسا کہ سیدنا انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ ''رسول اللہ ﷺ نے اپنے بالوں کو نہیں رنگا کیونکہ چند سفید بال آپ کی داڑھی' کنپٹی میں تھے۔ نیز تھوڑے سے سفید بال آپ کے سر مبارک میں بھی تھے۔'' (مسلم' الفضائل: ۲۳۴۱)

چند ایک صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی ایسے تھے جن کی داڑھی اور سر کے بال سفید تھے۔ جیسا کہ امام شعبیؒ بیان کرتے ہیں: ''میں نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ ان کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔'' (مصنف ابن ابی شیبہ: ج ۸' ص ۲۵۶)

سیدنا عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے سر اور داڑھی کے بال بھی سفید تھے۔ (طبقات ابن سعد: ج ۷' ص ۱۲)

سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کے متعلق بھی روایات میں ہے کہ ان کے سر اور داڑھی کے بال سفید تھے۔ (طبقات ابن سعد: ج ۵' ص ۲۹)

ان احادیث و آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ سفید بالوں کو رنگنا مستحب ہے' البتہ اگر کوئی سفید رکھتا ہے تو اس میں بھی جواز کا پہلو ہے۔ واللہ اعلم!

دنیاوی علوم سیکھنے والے کا مالی تعاون

سوال کیا دنیاوی علوم پڑھنے والے طالب علم کا مالی تعاون کیا جا سکتا ہے؟ قرآن و حدیث کے مطابق اس مسئلہ کی وضاحت کریں۔

جواب دنیاوی علوم دو طرح کے ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:

- ایسے علوم و فنون جو تمدن کی ترقی کے لیے ضروری ہیں' بلکہ اس کا حصہ ہیں' ایسے علوم میں غریب اور نادار طلبہ سے مالی تعاون کیا جا سکتا ہے۔
- ایسے علوم جو دین سے دوری کا باعث ہوں' جنہیں سیکھنے سے عقائد و اعمال میں بگاڑ پیدا ہوتا ہو' ایسے علوم کا سیکھنا ناجائز ہے اور اس پر مالی تعاون بھی حرام ہے۔ واضح رہے کہ حقدار طلبہ کو ان کی غربت کی بناء پر مال زکوٰۃ بھی دیا جا سکتا ہے۔ واللہ اعلم!

سرکشی اور تکبر سے بچاؤ

امام مسجد نبوی
فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر سعود الشریم حفظہ اللہ

مترجم —— جناب محمد عاطف الیاس / جناب محمد اجمل بھٹی
نظرثانی —— جناب حافظ یوسف سراج
تاریخ —— 8 جمادی الثانی 1437ھ / 18 مارچ 2016ء

حمد وثناء کے بعد:

اے لوگو! تقویٰ الٰہی بہترین زاد راہ ہے، یہ دنیا میں رغبت کی چیز اور آخرت میں کامیابی کی دلیل ہے۔

﴿قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيثِ ۚ فَاتَّقُوا اللَّهَ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ﴾ (المائدۃ)

''اے پیغمبر! ان سے کہہ دیجئے کہ پاک اور ناپاک بہر حال یکساں نہیں ہیں خواہ ناپاک کی بہتات تمہیں کتنا ہی فریفتہ کرنے والی ہو۔ پس اے لوگو جو عقل رکھتے ہو! اللہ کی نافرمانی سے بچتے رہو، امید ہے کہ تمہیں فلاح نصیب ہوگی۔''

بندگانِ الٰہی! یقیناً تمام انسان خطا کار ہیں، کمال صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کو حاصل ہے، عصمت صرف اللہ کے انبیائے کرام اور رسولوں کو حاصل ہے۔ اللہ کی رحمتیں اور سلامتی ان پر نازل ہو۔ بے شک تمام لوگ خطار کار ہیں' غلطیاں کرتے ہیں اور یہ ان کی فطرت کا لازمی حصہ ہے۔ البتہ خطاؤں پر اصرار اور ڈٹ جانا، گناہوں کے لیے عذر تراشنا اور ان پر جمے رہنے کے بہانے ڈھونڈنا، حق کی طرف نہ لوٹنا بدترین عادت اور برا اخلاق ہے، یہ ایسی فطرت ہے جس سے ہر عقل مند اور صاحب شرافت نفرت کرتا ہے۔ عقل و دانش والے اس عادت کو سرکشی اور تکبر سے تعبیر کرتے ہیں۔ کیوں نہ کریں، وہ خطا کار جسے اپنی خطاؤں کا علم ہو، اسے حق معلوم ہو جائے اور پھر بھی وہ اپنی حالت نہ بدلے تو یہ اس کی گھٹیا طبیعت اور تکبر کے باعث ہوتا ہے جسے ظاہر حق اور بہترین نصیحت بھی بدل نہیں سکتی۔ اگر خطاؤں پر ڈٹ جانے والا سرکش نہیں تو پھر سرکش کون ہے؟ اگر یہ شخص متکبر نہیں تو پھر متکبر کون ہے؟ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا وَلَّىٰ مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ﴾ (لقمان)

''اسے جب ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو وہ بڑے گھمنڈ کے ساتھ اس طرح رخ پھیر لیتا ہے گویا کہ اس نے انہیں سنا ہی نہیں، گویا کہ اس کے کان بہرے ہیں' اچھا مژدہ سنا دو اسے ایک درد ناک عذاب کا۔''

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا بائیں ہاتھ سے کھانا کھا رہا تھا۔ آپ ﷺ نے اسے حکم دیا: ''اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔'' اس نے جواب دیا: میں دائیں ہاتھ سے نہیں کھا سکتا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تمہیں دائیں ہاتھ سے کھانے کی توفیق نہ ملے۔'' اس نے یہ بات تکبر کی بنا پر کہی تھی۔ لہٰذا اس کے بعد وہ کبھی دائیں ہاتھ سے نہ کھا سکا۔'' (مسلم)

بلاشبہ ہر سرکش اور متکبر کا لیڈر ابلیس ہے۔ اللہ کی لعنتیں اس پر برسیں، کیونکہ ابلیس ہی پہلا سرکش تھا جس نے حق جانتے ہوئے سرکشی اور تکبر کیا۔

بندگانِ الٰہی! سرکشی نہایت گھٹیا عادت ہے جس شخص کا دل اللہ تعالیٰ نے ایمان، حکمت اور علم سے منور کیا ہو۔ سرکشی اور تکبر اس کا وصف ہو ہی نہیں سکتا۔ سرکشی اور تکبر میں وہی لوگ مبتلا ہوتے ہیں جن کے دلوں میں تکبر، حسد اور غرور ہوتا ہے وہ اپنی غلطی تسلیم نہیں کرتے اور نہ انہیں حق بات مطمئن کرتی ہے، بلکہ وہ حق کی طرف رجوع کرنا اپنے لیے ذلت و رسوائی اور مقام و مرتبہ میں تنزلی شمار کرتے ہیں۔ آگاہ رہو! ایسے سرکش لوگ ذلت و رسوائی اور تنزلی میں گر چکے ہیں اگرچہ وہ کیسی ہی ملمع سازی کرتے پھریں اور بظاہر خوشنما کام کرتے رہیں۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمِنَ النَّاسِ مَن يُعْجِبُكَ قَوْلُهُ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللَّهَ عَلَىٰ مَا فِي قَلْبِهِ وَهُوَ أَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَإِذَا تَوَلَّىٰ سَعَىٰ فِي الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُ اتَّقِ اللَّهَ أَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْإِثْمِ فَحَسْبُهُ جَهَنَّمُ ۚ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝﴾

''انسانوں میں کوئی تو ایسا ہے جس کی باتیں دنیا کی زندگی میں تمہیں بہت بھلی معلوم ہوتی ہیں، اور اپنی نیک نیتی پر وہ بار بار خدا کو گواہ ٹھہراتا ہے، مگر حقیقت میں وہ بدترین دشمن حق ہوتا ہے۔ جب اُسے اقتدار حاصل ہو جاتا ہے تو زمین میں اُس کی ساری دوڑ دھوپ اس لیے ہوتی ہے کہ فساد پھیلائے، کھیتوں کو غارت کرے اور نسل انسانی کو تباہ کرے' حالاں کہ اللہ (جسے وہ گواہ بنا رہا تھا) فساد کو ہرگز پسند نہیں کرتا۔ جب اس سے کہا جاتا ہے کہ اللہ سے ڈر، تو اپنے وقار کا خیال اُس کو گناہ پر جما دیتا ہے ایسے شخص کے لیے تو بس جہنم ہی کافی ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔'' (البقرۃ)

بلاشبہ ہر سرکش اور متکبر کا لیڈر ابلیس ہے۔ اللہ کی لعنتیں اس پر برسیں، کیونکہ ابلیس ہی پہلا سرکش تھا جس نے حق جانتے ہوئے سرکشی اور تکبر کیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿قَالَ يَا إِبْلِيسُ مَا مَنَعَكَ أَن تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ۖ أَسْتَكْبَرْتَ أَمْ كُنتَ مِنَ الْعَالِينَ ۝﴾

''اے ابلیس! تجھے کیا چیز اُس کو سجدہ کرنے سے مانع ہوئی جسے میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا ہے؟ تو بڑا بن رہا ہے یا تو ہے ہی کچھ اونچے درجے کی ہستیوں میں سے؟''

یہی تکبر و غرور ہے جو حق کے ساتھ اکٹھے کبھی نہیں ہو سکتے۔

بندگانِ الٰہی! سرکشی کسی عمل کو بجالانے سے انکار کا نام ہے۔ اگرچہ وہ عمل واجب ہی کیوں نہ ہو۔ یا کسی کام سے نہ رکنے کا نام ہے اگرچہ وہ حرام ہی کیوں نہ ہو۔ اس کے باوجود وہ اس پر ڈٹا رہے اور حق کی طرف رجوع نہ کرے۔ اسی طرح سرکشی میں گھٹیا پن بھی داخل ہے، کیونکہ سرکشی بہترین انسانی طبیعت کے منافی ہے۔ ایسی طبیعت جو شریعت کی پابند ہو۔ لہٰذا جب دشمنانِ اسلام نے تکبر و سرکشی سے اپنے دلوں کو بھر لیا تو وہ لوگوں میں سب سے گھٹیا شمار ہونے لگے۔ وہ سب سے بڑے متکبر بنے جنہیں کوئی دلیل یا برہان قائل نہ کر سکی۔ کوئی نصیحت ان پر کارگر نہیں ہوتی۔ ان پر ترغیب و ترہیب کا کوئی اثر نہیں ہوتا، کیونکہ سرکشی اس سب کے مخالف ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

﴿وَ جَحَدُوْا بِهَا وَ اسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّ عُلُوًّا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ۝﴾

''انہوں نے سراسر ظلم اور غرور کی راہ سے ان نشانیوں کا انکار کیا حالانکہ دل ان کے قائل ہو چکے تھے اب دیکھ لو کہ ان مفسدوں کا انجام کیسا ہوا۔'' (النمل)

اسی لیے کچھ اہل علم فرماتے ہیں:

''سب سے مشکل امید سرکش کے نرم ہونے کی امید ہوتی ہے۔ کیونکہ سرکشی سے دل پر ایسا زنگ چڑھتا ہے کہ سرکش آدمی صرف اپنی ہی رائے کو درست سمجھتا ہے، اگرچہ وہ باطل ہی ہو اور وہ دوسروں کی حق بات بھی رد کر دیتا ہے۔''

خواہ دلائل کتنے ہی زیادہ ہوں، سرکش سرکش ہی رہتا ہے اور اس کی سرکشی میں کچھ فرق نہیں آتا۔ اگرچہ تم اسے سارا قرآن مجید پڑھ کر سنا دو، یا اسے لقمان حکیم خود آ کے نصیحت کرنے لگے، کیونکہ اس کا دل غلاف میں بند ہو چکا اور لاحاصل گفتگو اس کا وطیرہ بن چکا۔

بندگانِ الٰہی! ایسے لوگ اسلامی معاشرے میں گھن کے کیڑے ہیں۔ یہ ہر چیز کو اندر سے کھوکھلا کر کے برباد کر دیتے ہیں۔ یہ سرکشی کے ساتھ تین مزید غلطیاں جمع کرتے ہیں۔ غلطی، پھر اس غلطی پر اصرار اور پھر اس غلط اصرار کے ساتھ امت کو ایذا رسانی۔

ہائے افسوس! ایسے لوگوں کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا ہے: ''بربادی اور ہلاکت ہے اصرار کرنے والوں کے لیے، جو جانتے بوجھتے اپنے برے اعمال پر اصرار کرتے ہیں۔'' (مسند احمد)

امام ابن قیم رحمہ اللہ نے سیرت نگاروں کے حوالے سے اور دلائل نبوت سے نقل کیا ہے کہ قریش نے رسول اللہ ﷺ کے معاملے کو مضبوط اور توانا ہوتا ہوا دیکھا تو انہوں نے بنو ہاشم، بنو عبدالمطلب اور بنو عبد مناف کے خلاف گٹھ جوڑ کر لیا کہ وہ ان کے ساتھ خرید و فروخت نہیں کریں گے۔ ان کے ساتھ رشتہ داریاں نہیں جوڑیں گے۔ ان سے بات چیت نہیں کریں گے اور ان کی مجلسوں میں نہیں بیٹھیں گے۔ تب تک کہ جب تک وہ رسول اللہ (ﷺ) کو ان کے حوالے نہیں کر دیتے۔ انہوں نے یہ معاہدہ لکھ کر بیت اللہ کی چھت کے ساتھ لٹکا دیا۔ اس معاہدے کے بعد بنو ہاشم اور بنو عبدالمطلب کے سب مومن و کافر اکٹھے ہو گئے، سوائے ابولہب کے۔ وہ رسول اللہ ﷺ اور بنو ہاشم و بنو عبدالمطلب کے خلاف قریش کا ہمنوا بن گیا۔ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے ہمنوا شعب ابی طالب میں محرم کی یکم تاریخ کو بعثت نبوی کے ساتویں سال محبوس ہو گئے۔ آپ اور آپ کے ساتھی تین سال تک نہایت مشکل حالات میں محبوس رہے۔ خوراک اور دیگر ضروریات زندگی پر مکمل پابندی رہی حتی کہ آپ اور آپ کے ساتھ دشوار ترین حالات میں جینے پر مجبور ہو گئے۔

سب سے مشکل امید سرکش کے نرم ہونے کی امید ہوتی ہے۔ کیونکہ سرکشی سے دل پر ایسا زنگ چڑھتا ہے کہ سرکش آدمی صرف اپنی ہی رائے کو درست سمجھتا ہے، اگرچہ وہ باطل ہی ہو اور وہ دوسروں کی حق بات بھی رد کر دیتا ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو خبر دی کہ اس نے صحیفے پر دیمک بھیج دی ہے جس نے صحیفے میں موجود ہر چیز ختم کر دی ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے ذکر کے۔ اس معاہدے کی ظالمانہ اور قطع رحمی پر مشتمل تحریر دیمک نے چاٹ کھائی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ بات اپنے چچا ابو طالب کو بتائی۔ ابو طالب نے قریش کو اپنے بھتیجے کی بات بتائی اور کہا تم صحیفہ چیک کرو، اگر وہ جھوٹا ثابت ہوا تو ہم اس کے اور تمہارے درمیان سے نکل جائیں گے اور اگر وہ سچا ثابت ہوا تو پھر تم اپنے ظلم و ستم سے باز آ جاؤ۔

قریش نے کہا: تم نے بڑی انصاف کی بات کی ہے۔ چنانچہ انہوں نے صحیفہ اتار کر دیکھا تو اس میں ہر چیز ختم ہو چکی تھی۔ سوائے اللہ کے نام کے۔ اللہ کے رسول کی اطلاع بالکل درست تھی لیکن پھر وہ کفر و سرکشی میں مزید بڑھ گئے۔''

اللہ کے بندو! اسے سرکشی کہتے ہیں اور یہ وہ زنگ ہے جو دلوں پر چھا جاتا ہے۔ پھر ان کی حالت ایسی ہو گئی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

''یہ لوگ کڑی کڑی قسمیں کھا کر کہا کرتے تھے کہ اگر کوئی خبردار کرنے والا ان کے ہاں آ گیا ہوتا تو یہ دنیا کی ہر دوسری قوم سے بڑھ کر راست رو ہوتے مگر جب خبردار کرنے والا ان کے پاس آ گیا تو اس کی آمد نے ان کے اندر حق سے فرار کے سوا کسی چیز میں اضافہ نہ کیا۔ یہ زمین میں اور زیادہ استکبار کرنے لگے اور بری بری چالیں چلنے لگے، حالانکہ بُری چالیں اپنے چلنے والوں ہی کو لے بیٹھتی ہیں اب کیا یہ لوگ اِس کا انتظار کر رہے ہیں کہ پچھلی قوموں کے ساتھ اللہ کا جو طریقہ رہا ہے وہی اِن کے ساتھ بھی برتا جائے؟ یہی بات ہے تو تم اللہ کے طریقے میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے اور تم کبھی نہ دیکھو گے کہ اللہ کی سنت کو اس کے مُقرر راستے سے کوئی طاقت پھیر سکتی ہے۔'' (فاطر)

اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمہیں سرکشی سے محفوظ فرمائے۔ بلاشبہ سرکشی بدترین صفت ہے، اور اللہ ہم سب کو تکبر سے بچائے۔ یقیناً تکبر بھی نہایت برا وصف ہے۔

دوسرا خطبہ

حمد و ثناء کے بعد:

اللہ کے بندو! اللہ سے ڈرو اور جان رکھو کہ ہٹ دھرمی اس وقت بڑھتی ہے جب خواہشِ نفس عقل و دانش کی جگہ لے لیتی ہے۔ اس طرح نہ صرف حق سے ہٹنا ناگوار نہیں رہتا بلکہ اسلامی جماعت اور امت کی اکثریت سے الگ ہو جانا بھی گوارا ہو جاتا ہے۔

ہٹ دھرمی بچے کی ابتدائی عمر کا حصہ بھی ہوتی ہے کیونکہ اس وقت بچے کی سوچ انتہائی محدود ہوتی ہے، تاہم بھلی تعلیم اور اچھی تربیت کے ذریعے سے اسے درست نہ کیا جائے تو یہ بقیہ زندگی برباد کر دیتی ہے۔ پھر انسان عالم بنے

یا حاکم، ڈاکٹر بنے یا سیاست دان یا کچھ اور بنے، بہرحال ہٹ دھرمی اس کے مستقبل پر اثر انداز ہو کر رہتی ہے۔

امت کی ہر مصیبت اور مشکل کی وجہ کچھ نہ کچھ ہٹ دھرمی ضرور ہوتی ہے۔ انسان کی ذاتی زندگی میں، گھر میں، بازار میں، علم میں اور ہر شے میں اس کا بہت گہرا اثر ہوتا ہے، تاہم صاحب توفیق وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے اور دانشمندوں اور اہل ایمان کی سی دلی کشادگی سے نوازے۔ صاحب توفیق وہ ہے کہ جو مسلمان جماعت کے ساتھ مضبوطی سے چمٹا رہے، غلطی کے بعد معافی مانگ لے، گناہ کر بیٹھے تو توبہ کر لے، جو خوب جانتا ہو کہ برائی کا اعتراف کر لینا باطل پر ہٹ دھرمی برتنے سے بہتر ہے۔ جو جانتا ہے کہ ہم سے پہلے گزرنے والے ائمہ دین، جیسے چاروں ائمہ اور دیگر ذی قدر علما، سب اپنی غلطیوں سے براءت کا اعلان کرتے تھے اور دوسروں کو یہ تلقین کرتے تھے کہ نبی اکرم ﷺ کے طریقے کے خلاف ان کی کوئی بات نہ مانی جائے، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ غلطی پر قائم رہنا دراصل ہٹ دھرمی ہے۔ ہٹ دھرمی نرم مزاجی کی دشمن ہے۔ چنانچہ ہٹ دھرم کبھی نرم مزاج نہیں ہو سکتا، اور نرم مزاج کبھی ہٹ دھرم نہیں ہو سکتا۔ نرم مزاج تو رحمت الٰہی کا حقدار ہے اور ہٹ دھرم کی اللہ تعالیٰ نے مذمت فرمائی ہے۔

نبی اکرم ﷺ کا فرمان ہے: ''اللہ اس پر رحم فرمائے جو خرید و فروخت اور فیصلہ کرتے وقت نرم مزاج ہو'' (بخاری)

یہ جزا دنیا کی ہے، آخرت کے معاملے میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿ وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۫ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۫ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰي مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴾ (آل عمران)

''اور جن کا حال یہ ہے کہ اگر کبھی کوئی فحش کام ان سے سرزد ہو جاتا ہے یا کسی گناہ کا ارتکاب کر کے وہ اپنے اوپر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو معاً اللہ انہیں یاد آ جاتا ہے اور اس سے وہ اپنے قصوروں کی معافی چاہتے ہیں کیونکہ اللہ کے سوا اور کون ہے جو گناہ معاف کر سکتا ہو اور وہ دیدہ و دانستہ اپنے کیے پر اصرار نہیں کرتے۔''

اللہ کے بندو! افسوس کہ آج ہم بہت سے لوگوں کا حال دیکھتے ہیں کہ ہٹ دھرمی ان کے دل میں رچ بس گئی ہے اور وہ ہٹ دھرمی کو فخر اور بڑائی سمجھنے لگے ہیں۔ جن کا مقصد حق کی نہیں بلکہ محض نفس کی فتح ہے۔ ایسی مثالوں سے سوشل میڈیا بھرا پڑا ہے۔ یہ لوگ اپنی ہٹ دھرمی کی وجہ سے تعمیر نہیں، تخریب کرتے ہیں۔ لوگوں میں اختلاف پھیلاتے ہیں، یہ لوگوں کو جوڑتے نہیں توڑتے ہیں۔ اصلاح نہیں کرتے، نفرتیں پھیلاتے ہیں۔

جب تک ہٹ دھرمی انسان کی رہنمائی کرتی ہے، تکبر اس کی خصلت ہوتی ہے تو آپ کبھی اسے معاشرے کی تعمیر و ترقی میں حصہ ڈالنے والا نہ پاؤ گے۔ اس مذموم صفت کی برائی میں یہ بات ہی کافی ہے کہ اس کا مرتکب اس شخص کی مشابہت اختیار کرتا ہے جس کے متعلق قرآن کا یہ تبصرہ ہے:

﴿ كَلَّا ۭ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ۝ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ۝ ﴾ (المدثر)

''ہرگز نہیں، وہ ہماری آیات سے عناد رکھتا ہے۔ میں تو اسے عنقریب ایک کٹھن چڑھائی چڑھواؤں گا۔''

یعنی ایسے عذاب میں کہ جس میں کبھی آرام نصیب نہ ہوگا۔ یہی ہٹ دھرمی کی سزا ہے کہ جس کے ساتھ حق کی طرف لوٹنا ممکن نہیں رہتا۔ اللہ ہم سب کو محفوظ فرمائے۔

''جسے یہ پسند ہو کہ قیامت کے روز اسے گناہوں اور اپنے برے اعمال کا بوجھ نہ اٹھانا پڑے، تو وہ بلا تردد حق کا اعتراف کر لے۔ گھاٹا پانے والوں کو ہٹ دھرمی ہی ہلاک کرتی ہے۔''

اے اللہ! اے رحم فرمانے والے! اپنی رحمت سے غم زدہ مسلمانوں کا غم دور فرما! مصیبت زدوں کی مصیبتیں دور فرما! قرض داروں کا قرض ادا فرما! ہمارے اور تمام مسلمانوں کے بیماروں کو شفا عطا فرما۔ آمین!

.....❀❀❀.....

بقیہ حفاظتِ حدیث کا اہتمام

مذکورہ حکم دراصل اسی پس منظر میں تھا۔

چنانچہ صحابہ نے ایک ہی کاغذ یا ایک ہی صحیفہ پر قرآن اور حدیث دونوں کو ایک ساتھ لکھنا بند کر دیا، لیکن رسول اللہ ﷺ کی حدیثوں کو وہ علیحدہ کاغذ یا صحیفہ میں بدستور لکھتے رہے۔

روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ متعدد صحابہ نے الگ صحیفوں میں حدیثیں لکھ کر جمع کی تھیں۔ امام نوویؒ نے اپنی شرح میں، صحابہ کے متعدد صحیفۂ احادیث کا ذکر کیا ہے۔ یہ صحیفے رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں لکھے گئے تھے جو منتخب احادیث پر مشتمل تھے۔ ان میں سے ایک صحیفہ وہ ہے جو سیدنا علیؓ بن ابی طالب نے تیار کیا تھا۔

سیدنا ابو ہریرہؓ کے حسب ذیل قول سے بھی یہ ثبوت ملتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حدیث کی کتابت کرتے تھے۔ سیدنا ابو ہریرہؓ نے کہا کہ

[إِلَّا مَا كَانَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَإِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ وَلَا أَكْتُبُ] (بخاری: ۱۱۳)

مگر جہاں تک سیدنا عبداللہ بن عمروؓ کی بات ہے تو وہ لکھ لیا کرتے تھے اور میں نہیں لکھتا تھا۔''

اس معاملے میں ہمام بن منبہؒ کا حوالہ بھی بہت اہمیت رکھتا ہے۔ ہمام بن منبہؒ ایک تابعی ہیں، انہوں نے صحابی رسول سیدنا ابو ہریرہؓ کی صحبت اختیار کی اور ان سے حدیثیں لے کر صحیفہ کی صورت میں لکھتے رہے۔ امام احمد بن حنبلؒ کی مسند (ج ۲، ص ۳۱۹-۳۱۲) میں یہ صحیفہ مکمل طور پر موجود ہے۔ صحیفہ ہمام بن منبہؒ مخطوطہ کی صورت میں بعض کتب خانوں میں موجود تھا۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہؒ نے اس کو ایڈٹ کر کے شائع کر دیا ہے۔ اس صحیفہ میں ۱۴۰ روایتیں ہیں۔

.....❀❀❀.....

درخواست دعائے صحت

مدیر اعلیٰ ہفت روزہ ''اہل حدیث'' کے ڈرائیور سلمان جمیل کے چھوٹے بھائی نعمان جمیل کی ایکسیڈنٹ میں ٹانگ کی ہڈی فریکچر ہو گئی ہے اور سول ہسپتال گوجرانوالہ میں زیر علاج ہیں۔ قارئین کرام ان کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لیے اللہ کے حضور خصوصی دعا فرمائیں۔ (عبدالرحیم قریشی)

وی پی آ رہا ہے

جن قارئین کرام کا سالانہ چندہ ختم ہو چکا ہے انہیں ہفت روزہ اہل حدیث وی پی بھیجا جا رہا ہے۔ جسے وصول کرنا ان کا جماعتی و اخلاقی فرض ہے۔ (ادارہ)

حفاظتِ حدیث کا اہتمام

تحریر
جناب مولانا وحید الدین

پیغمبر اسلام ﷺ کے زمانے سے لے کر عباسی دور تک جو زمانہ ہے اس کی تاریخ مکمل طور پر موجود ہے۔ اس سلسلے میں عربی کتابوں کے مطالعے سے پورے معاملے کو سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ مطالعہ بتاتا ہے کہ دورِ اول کے اہل ایمان نے حفاظت حدیث کا بھی وہی اہتمام کیا جو انہوں نے حفاظت قرآن کے سلسلے میں کیا تھا۔ اس اعتبار سے دونوں میں کوئی بنیادی فرق نہیں۔ دونوں کے بارے میں ایسا کیا گیا کہ ایک طرف ان کو لکھا جاتا رہا اور دوسری طرف ان کو حافظے میں محفوظ کر لیا گیا۔ یہ سلسلہ نسل در نسل جاری رہا' یہاں تک کہ انیسویں صدی عیسوی میں پرنٹنگ پریس کا زمانہ آیا اور قرآن وحدیث دونوں کے ذخیرے کو طباعت کے ذریعے آخری طور پر محفوظ کر دیا گیا۔

اس سلسلے میں یہ صرف ایک غلط فہمی ہے کہ پیغمبر اسلام ﷺ نے یہ ہدایت کی تھی کہ قرآن کو لکھا جائے اور حدیث کو نہ لکھا جائے۔ تاریخی طور پر یہ ثابت ہے کہ دورِ اول کے علماء اور محدثین نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان بکھری ہوئی حدیثوں کو غیر معمولی جدوجہد کے ذریعے اکٹھا کیا۔ رجال حدیث اور متون حدیث کی تحقیق کے لیے نئے علوم وضع کیے۔ کامل چھان بین کے بعد انہوں نے مستند احادیث کے مجموعے تیار کیے اور غیر مستند روایتوں کو الگ کر دیا۔ مسند امام احمد بن حنبل جس کو حدیث کا انسائیکلوپیڈیا سمجھا جاتا ہے اس میں تیس ہزار روایتیں موجود ہیں۔ بقیہ روایتوں کو ملا کر احادیث رسول ﷺ کی تعداد تقریباً پچاس ہزار ہو جاتی ہے۔ پچھلے ادوار میں یہ حدیثیں کتابوں کی شکل میں ہوتی تھیں۔ اب کمپیوٹر کے دور میں حدیثوں کے اس ذخیرے کو انٹرنیٹ پر ڈال دیا گیا ہے۔

احادیث کی تنقیح کا یہ کام ہزار سال سے جاری تھا۔ ہر دور میں علماء تاریخی معلومات کی روشنی میں دوبارہ احادیث کے مجموعے کا جائزہ لیتے رہے' شخصی طور پر بھی ادارے کے طور پر بھی۔ موجودہ زمانے میں مشہور عرب محدث شیخ محمد ناصر الدین الالبانیؒ نے پورے ذخیرۂ حدیث کا از سر نو جائزہ لیا اور لمبے مطالعہ اور تحقیق کے بعد ۲۱ ضخیم مجلدات تیار کیں۔ انہوں نے خالص علمی تحقیق کے بعد مستند روایتوں کو غیر مستند روایتوں سے الگ کر دیا اور دونوں کو جدید طباعتی معیار پر شائع کر دیا۔ اس مجموعے کی ۷ جلدیں مستند احادیث پر مشتمل ہیں اور ان کا نام [سلسلة الاحاديث الصحيحة وشيء من فقهها وفوائدها] ہے۔ اس مجموعے کی ۱۴ جلدیں غیر مستند روایتوں پر مشتمل ہیں اور ان کا نام [سلسلة الاحاديث الضعيفة والموضوعة واثرها السيء في الامة] ہے۔ یہ پورا مجموعہ انٹرنیٹ (www.waqfeya.com) پر موجود ہے۔

تاریخی طور پر یہ ثابت ہے کہ دورِ اول کے علماء اور محدثین نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان بکھری ہوئی حدیثوں کو غیر معمولی جدوجہد کے ذریعے اکٹھا کیا۔ رجال حدیث اور متون حدیث کی تحقیق کے لیے نئے علوم وضع کیے۔

حقیقت یہ ہے کہ حفاظت اور تدوین کے اعتبار سے' علماء امت نے قرآن اور حدیث دونوں کے لیے یکساں طور پر کام کیا ہے' حتی کہ دور طباعت سے پہلے حدیث کے حفاظ بھی اسی طرح ہوتے تھے جس طرح قرآن کے حفاظ ہوتے ہیں۔

کتابت حدیث کا مسئلہ:

ایک روایت حدیث کی مختلف کتابوں' مسند احمد' صحیح مسلم' الدارمی میں آئی ہے۔ صحیح مسلم کے الفاظ یہ ہیں:

[عَنْ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: «لَا تَكْتُبُوا عَنِّی، وَمَنْ كَتَبَ عَنِّی غَيْرَ الْقُرْآنِ فَلْيَمْحُهُ، وَحَدِّثُوا عَنِّی، وَلَا حَرَجَ، وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ -قَالَ هَمَّامٌ: اَحْسِبُهُ قَالَ مُتَعَمِّدًا- فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ.] (صحيح مسلم: ٥٣٢٦)

سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''مجھ سے نہ لکھو (قرآن کے سوا) اور جس نے لکھا مجھ سے قرآن کے سوا' وہ اس کو مٹا دے اور میری باتوں (حدیثوں) کو بیان کرو' اس میں کوئی حرج نہیں۔ جس نے مجھ پر جھوٹ باندھا' (راوی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے جان بوجھ کر جھوٹ باندھا) تو وہ جہنم میں اپنا ٹھکانا بنا لے۔''

امام نوویؒ نے اس حدیث کی شرح کرتے ہوئے ایک قول ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

[انما نهى عن كتابة الحديث مع القرآن في صحيفة واحدة، لئلا يختلف فيشتبه على القاري في صحيفة واحدة] (صحيح مسلم بشرح النووي: ج١٨، ص ١٣٠)

یعنی رسول اللہ ﷺ نے کتابت حدیث سے منع فرمایا' اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ نے ایک ہی صحیفہ میں قرآن کے ساتھ حدیث کو لکھنے سے منع فرمایا تا کہ دونوں مل نہ جائیں اور ایک صحیفہ میں ہونے کی وجہ سے قاری کو اشتباہ نہ پیش آئے۔

اس تشریح سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ کتابت حدیث کے بارے میں رسول اللہ ﷺ کی ممانعت مطلق معنوں میں نہ تھی۔ وہ صرف اس معنی میں تھی کہ قرآن اور حدیث دونوں کو ایک ہی کاغذ یا ایک ہی صحیفہ میں ساتھ ساتھ نہ لکھو۔ کیوں کہ اس صورت میں یہ اندیشہ تھا کہ قاری کو اشتباہ پیش آ جائے اور وہ قرآن اور حدیث دونوں کو ایک دوسرے سے الگ کر کے نہ دیکھ سکے۔ گویا کہ وہ ممانعت مشروط تھی' نہ کہ مطلق۔ یہ دراصل احتیاط کا ایک معاملہ تھا۔ کیونکہ پچھلے اہل کتاب کے یہاں ایسا ہو چکا تھا کہ ان کے علماء اپنے پیغمبر کی بات کو وحی کے ساتھ ملا کر لکھ دیتے تھے۔ اس طرح ان کے یہاں ایسا ہوا کہ خدا کا کلام اپنی اصل صورت میں محفوظ نہ رہا۔ بلکہ وہ انسانی کلام کے ساتھ خلط ملط ہو گیا۔ رسول اللہ ﷺ کا

باقی صفحہ 8 پر

سنہرے ایام کی ایک خوب صورت کہانی

تحریر: جناب مولانا عبدالمالک مجاہد

یہ ان دنوں کی بات ہے جب ہمارے اسلاف پر سنہرے ایام کا دور دورہ تھا۔ تاریخ اسلام کے نامور عباسی خلیفہ ہارون الرشید کو قیصر روم نقفور کی جانب سے ایک خط موصول ہوتا ہے۔ اس دور میں مسلمانوں کی سطوت و ہیبت اور عسکری قوت کا عالم یہ تھا کہ رومیوں کی ملکہ ''رینا'' نے مسلم افواج سے مقابلے کی طاقت نہ رکھنے کے باعث ہارون الرشید کے ساتھ جزیہ کی ادائیگی کا معاہدہ کر رکھا تھا۔ وہ باقاعدگی سے ہر سال مسلمانوں کو جزیہ کی مقررہ رقم وقت مقرر پر بھجوا دیتی۔ اس طرح اسے چین اور سکون سے حکومت کرنے کا موقع ملا ہوا تھا۔ 187 ہجری میں روم میں انقلاب برپا ہوا اور حکومتی مناصب میں تبدیلیاں واقع ہوئیں۔ ملکہ کو معزول کر کے رومیوں نے نقفور کو اپنا بادشاہ بنالیا۔ ملکہ کو اس کی کمزور پالیسیوں کی سزا اس طرح دی گئی کہ اس کی آنکھوں میں لوہے کی گرم سلائیاں پھیر دی گئیں۔ اس وحشیانہ عمل کے نتیجے میں ملکہ کو شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑا اور وہ دونوں آنکھوں سے محروم ہو کر نابینا ہوگئی۔ جیسے ہی نقفور نے اقتدار پر اپنی گرفت مضبوط کی' اسے پادریوں' درباریوں اور عام شہریوں نے تجویز دی کہ وہ اگر مسلمانوں کو جزیہ دینے سے انکار کر دے تو مسلم حکمران اس کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکیں گے۔

ایک دن ہارون الرشید اپنے قصر خلافت میں پورے پروٹوکول کے ساتھ تشریف فرما تھا۔ اردگرد بڑے بڑے اعیان حکومت' وزراء اور مشیران کرام بیٹھے تھے کہ سرکاری پوسٹ مین ایک خط لے کر حاضر خدمت ہوا۔ یہ خط روم کے بادشاہ نقفور نے ہارون رشید کی جانب لکھا تھا۔ مکتوب کی خاص اہمیت کے پیش نظر اسے براہ راست خلیفہ کے ہاتھ میں دیا گیا۔ خلیفہ نے سر بمہر خط کھول کر پڑھنا شروع کیا۔ جیسے جیسے وہ خط کی عبارت پڑھتا جا رہا تھا' اس کے چہرے پر غصے اور ناگواری کے اثرات ظاہر ہوتے چلے جا رہے تھے۔ خط کا مضمون کچھ اس طرح سے تھا:

''رومیوں کے بادشاہ نقفور کی جانب سے عربوں کے بادشاہ ہارون کی طرف' اما بعد!

مجھ سے پہلی سربراہ حکومت ہماری ملکہ نے آپ کو بہت اونچے مقام پر لا کھڑا کیا اور خود کو ذلت و ادبار کی پستی میں گرا لیا تھا۔ وہ آپ کو جزیہ کے طور پر اموال بھی بھیجتی رہی' لیکن میں آپ لوگوں کو اس ضمن میں ایک درہم بھی دینے پر تیار نہیں۔ یہ معاہدہ اور جزیہ اس عورت کی فطری کمزوری اور حماقت کا نتیجہ تھا۔ آپ کو جیسے ہی میرا یہ خط ملے آپ فوراً وہ سارا مال واپس کریں جو ملکہ رینا نے آپ کو ارسال کیا تھا۔ اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو پھر ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ تلوار کے ذریعے ہوگا۔''

امیر المؤمنین ہارون الرشید کی جانب سے روم کے کتے نقفور کی طرف' کافرماں کے بچے! میں نے تمہارا خط پڑھ لیا ہے۔ تمہاری اس بکواس پر ہمارا جواب سننے سے نہیں' دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔''

ہارون الرشید خط پڑھ رہا ہے۔ شدید غصے کے آثار اس کے چہرے سے ہویدا ہیں۔ غیض و غضب سے اس کا چہرہ سرخ ہو چکا ہے۔ خلیفہ کے غصے کا یہ عالم تھا کہ اس کے رعب و دبدبہ کے باعث کوئی شخص اس کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھ بھی نہیں سکتا تھا۔ خلیفہ کی حالت دیکھ کر ان کا وزیر اعظم بھی ان سے مخاطب ہونے میں دشواری محسوس کر رہا تھا۔ ہارون الرشید نے اپنے اردگرد بیٹھے ہوئے لوگوں کی طرف دیکھا اور حکم دیا: جلدی سے قلم دوات اور کاغذ لایا جائے۔ حکم کی فوراً تعمیل ہوتی ہے۔ انہوں نے اسی خط کی پشت پر اپنے ہاتھ سے جواب لکھا:

''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم..... امیر المؤمنین ہارون الرشید کی جانب سے روم کے کتے نقفور کی طرف' کافرماں کے بچے! میں نے تمہارا خط پڑھ لیا ہے۔ تمہاری اس بکواس پر ہمارا جواب سننے سے نہیں' دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔''

خط کو بند کر کے اس پر سرکاری مہر لگائی جاتی ہے اور اسی وقت نقفور کو بھجوا دیا جاتا ہے۔ خلیفہ اسی وقت حکم جاری کرتا ہے: فوجوں کو تیار کیا جائے۔ رومی حکمران کو بدعہدی کا مزا چکھانے کے لیے ہمیں آج ہی اس کی طرف روانہ ہونا ہوگا۔

تیاری تو پہلے ہی سے مکمل تھی' فوج چند گھنٹوں میں تیار ہوگئی۔ دیکھیے! امیر المؤمنین ہارون الرشید اس لشکر کی قیادت کے لیے کسی جرنیل کو نامزد نہیں کرتے' بلکہ خود بنفس نفیس فوجوں کی کمان کے لیے اپنے قصر سے تشریف لا چکے ہیں۔ شام سے پہلے پہلے مجاہدین اسلام کا لشکر بغداد سے رومیوں کے علاقے کی طرف روانہ ہو چکا ہے۔ وہ سفر جو عام حالتوں میں کئی ہفتوں میں طے ہوتا تھا' اسے دنوں میں طے کر کے ہارون الرشید ''ہرقلیہ'' کے مقام پر جا پہنچتا ہے۔

ہارون الرشید جب جنگ کے مقام پر پہنچا تو اس نے دیکھا کہ بزدل دشمن کھلے میدان میں مقابلہ کرنے کی ہمت نہ پاتے ہوئے ایک مضبوط قلعے میں پناہ لیے ہوئے ہے۔ مسلم لشکر قلعے کا محاصرہ کر لیتا ہے۔ عیسائی بادشاہ نقفور کا تعلق آل جفنہ غسانی سے تھا۔ یہ لوگ بڑے بہادر اور شجاع تھے۔ بالآخر دونوں فوجیں آمنے سامنے آتی ہیں اور ان کے درمیان جنگ شروع ہو جاتی ہے۔ یہ بلاشبہ بڑی یادگار جنگ تھی۔ رومیوں کے بے شمار لوگ قتل ہوئے۔ خود ان کے بادشاہ نقفور کو بھی تین کاری زخم آئے۔ رومیوں کے مقابلے میں مسلمانوں کا نقصان بڑا مختصر اور تھوڑا سا تھا۔ نقفور کو معلوم ہوگیا کہ مسلمانوں پر فتح حاصل کرنا نہایت دشوار کام ہے۔ اس جنگ کے نتیجے میں مسلم فوج یہ علاقہ فتح کرنے کے قریب پہنچ چکی تھی۔ اس نے صلح کی درخواست کی۔ اس جنگ کے دوران کتنے ہی رومی مسلمانوں کی قید میں آچکے تھے۔ ادھر مختلف سابقہ جنگوں کے نتیجے میں بھی بعض مسلمان رومیوں کی قید میں تھے۔ ہارون الرشید بڑا سمجھ دار اور ذکی

